Sl. no 7 Q.P.: 51



**Unique Paper Code : 214381**

**Name of Course : B. Com. Programme**

**Name of the Paper : Urdu**

**Semester : III**

**Time : 3 Hours**

**M.M. : 100**

F

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت کیجئے سیاق وسباق کا حوالہ دیجئے۔ 15

**(الف)**

مجھ فقیر نے بڑے چاؤ سے ماں باپ کے سایہ میں پرورش پائی اور پڑھنا لکھنا، سپاہ گری کا کسب وفن، سوداگری کا بہی کھاتہ، روزنامچہ سیکھنے لگا۔ چودہ برس نہایت خوشی اور بے فکری میں گزرے، کچھ دنیا کا اندیشہ دل میں نہیں آیا۔ یک بیک ایک ہی سال میں والدین قضائے الٰہی سے مر گئے۔ عجب طرح کا غم ہوا جس کا بیان نہیں کرسکتا۔ یک بارگی یتیم ہوگیا، کوئی سر پر بوڑھا نہ رہا۔ اس مصیبت ناگہانی سے رات دن رویا کرتا، کھانا پینا سب چھوٹ گیا۔ چالیس دن جوں توں کر کے کٹے۔ چہلم میں اپنے بیگانے، چھوٹے بڑے جمع ہوئے۔ جب فاتحہ سے فراغت ہوئی سب نے فقیر کو باپ کی پگڑی بندھائی اور سمجھایا۔ دنیا میں سب کے ماں باپ مرتے آئے ہیں اور اپنے تئیں بھی ایک روز مرنا ہے۔ بس کرو، اپنے گھر کو دیکھو، اب باپ کی جگہ تم سردار ہوئے۔ اپنے کاروبار لین دین سے ہوشیار رہو۔

**(ب)**

یہ کوئی نہ سمجھے کہ میں اپنی بے رونقی اور تباہی کے غم میں مرتا ہوں۔ جو دکھ مجھ کو ہے اس کا بیان تو معلوم مگر اس بیان کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔ انگریز کی قوم میں سے جو ان روسیاہ کالوں کے ہاتھ سے قتل ہوئے ان میں کوئی میرا امیدگاہ تھا اور کوئی میرا شفیق اور کوئی میرا دوست اور کوئی میرا یار اور کوئی میرا شاگرد۔ ہندوستانیوں میں کچھ عزیز، کچھ دوست، کچھ شاگرد، سو وہ سب کے سب خاک میں

P.T.O

مل گئے۔ ایک عزیز کا ماتم کتنا سخت ہوتا ہے، جو اتنے عزیزوں کا ماتم دار ہو اس کو زیست کیوں کر نہ دشوار ہو۔ ہائے اتنے یار مرے کہ جواب میں مروں گا تو میرا کوئی رونے والا بھی نہ ہوگا۔

۲۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت کیجئے سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجئے۔ 15

(الف)

یا رب نہ وہ سمجھے ہیں نہ سمجھیں گے مری بات
دے اور دل ان کو جو نہ دے مجھ کو زباں اور

ہر چند سبک دست ہوئے بت شکنی میں
ہم ہیں تو ابھی راہ میں ہے سنگ گراں اور

ہے خون جگر جوش میں، دل کھول کے روتا
ہوتے جو کئی دیدۂ خونابہ فشاں اور

لیتا، نہ اگر دل تمہیں دیتا، کوئی دم چین
کرتا، جو نہ مرتا، کوئی دن آہ و فغاں اور

ہیں اور بھی دنیا میں سخن وَر بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اور

(ب)

بندھا اس جگہ اس طرح کا سماں — صبا بھی لگی رقص کرنے وہاں
وہ سنسان جنگل وہ نورِ قمر — وہ براق سا ہر طرف دشت و در
وہ اجلا سا میداں چمکتی سی ریت — اگا نور سے چاند تاروں کا کھیت
درختوں کے سایے سے مہہ کا ظہور — گرے جیسے چھلنی سے چھن چھن کے نور
ہوا بندھ گئی اس گھڑی اس اصول — بسیرا گئے جانور اپنا بھول
درختوں سے لگ لگ کے بادصبا — لگی وجد میں بولنے واہ وا

P.T.O

۳۔ غالب کے خطوط کی خصوصیات بیان کیجئے۔ 15

یا

نذیر احمد کے کلیم دولت آبادیؒ میں کا خلاصہ لکھیے۔

۴۔ آتش کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔ 15

یا

میر انیس کی مرثیہ گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔

۵۔ اپنی کمپنی کے تیار کردہ موبائل فون کے لئے ایک اشتہار تیار کیجئے۔ 20

یا

کسی بینک کی قرض اسکیموں کے متعلق ایک پمفلٹ تیار کیجئے۔

۶۔ مندرجہ ذیل انگریزی اصطلاحوں میں سے کسی دس کے انگریزی متبادل لکھیے۔ 20

1) Mass Distribution
2) Market Chair
3) Marking
4) Minor Coin
5) Material Cost
6) Marking Scheme
7) Mass production
8) Market behaviour
9) Market Value
10) Marking rules
11) Material
12) Market data
13) Market price
14) Market finance
15) Market ratio
16) Medical Insurance

..................